کینیڈا کے وفد کی ملاقات

بعدازاں کینیڈا (Canada) سے آنے والے وفد نے حضورانور ایدہ اللہ تعالیٰ بنصرہ العزیز سے شرفِ ملاقات پایا۔

☆ کینیڈا سے ایک ممبر پارلیمنٹ Mr Ganett Genuis جلسہ میں شامل ہوئے۔

موصوف نے بتایا کہ اُن کا تعلق اپوزیشن پارٹی سے ہے اور وہ ہیومن رائٹس کے حوالہ سے خصوصی طور پر کام کر رہے ہیں۔ موصوف نے بتایا کہ وہ الجیریا جانا چاہتے تھے لیکن انہیں ویزہ نہیں مل سکا۔

موصوف نے اپنی پارٹی کے لیڈر کا سلام حضور تک پہنچایا اور عرض کیا کہ وہ اسلامک اکنامک سسٹم کے بارہ میں جاننا چاہتے تھے کہ حکومتیں کس طرح اسلامک اکنامک سسٹم کو اپنے سسٹم میں لائیں۔

اس پر حضورانور ایدہ اللہ تعالیٰ بنصرہ العزیز نے فرمایا:۔ آپ حضرت خلیفۃ المسیح الثانی رضی اللہ عنہ کی کتاب 'اسلام کا اقتصادی نظام' (New World Order of Islam) پڑھیں۔ آپ کو یہ کتاب پڑھنے سے آئیڈیا ملے گا کہ اسلام کا اقتصادی نظام کیا ہے۔

حضورانور ایدہ اللہ تعالیٰ بنصرہ العزیز نے فرمایا:۔

سب سے پہلے تو سود ختم کرنے کی ضرورت ہے۔ اس وقت دنیا سے سُود ختم کرنا بہت مشکل ہے۔ یہ ہر جگہ ہے۔

☆ بریڈفورڈ (اونٹاریو) کے کونسلر راج سندھو صاحب بھی کینیڈین وفد میں شامل تھے۔ بریڈفورڈ کے علاقہ میں جماعت کینیڈا نے اپنے جلسہ گاہ کے لئے 250 ایکڑ قطعہ زمین حاصل کیا ہوا ہے۔ حضورانور ایدہ اللہ تعالیٰ بنصرہ العزیز نے 2008ء میں اپنے دورہ کینیڈا کے دوران اس قطعہ زمین کا وزٹ فرمایا تھا۔

راج سندھو صاحب نے بتایا کہ ہم اس لئے یوکے کے جلسہ میں شامل ہوئے ہیں تاکہ جائزہ لے سکیں کہ جماعت احمدیہ کا جلسہ کس طرح کا ہوتا ہے۔ کیونکہ کینیڈا کی جماعت بریڈفورڈ میں اپنا جلسہ کرنا چاہتی ہے۔ مجھے جلسہ کے انتظامات اور Volunteers کے حوالہ سے بہت حیرت ہوئی کہ اتنے کم عرصہ میں اتنا بڑا جلسہ کیسے منعقد کیا گیا۔ مَیں کینیڈا میں بھی جماعت کے جلسہ سالانہ میں شامل ہوتا رہا ہوں لیکن وہ جلسہ تو بہت چھوٹا ہے۔ میری دعا ہے کہ جماعت احمدیہ کو کامیابیاں ملتی رہیں۔ حضورانور سے ملاقات کا بھی موقع ملا جس سے میں نے بہت فائدہ اُٹھایا ہے۔ مجھے امید ہے کہ ایک دن ہمیں اس طرح کے جلسے اپنے علاقہ بریڈفورڈ میں منعقد کرنے کا موقع ملے گا اور ان سے آپ کی جماعت فائدہ اُٹھائے گی اور اس علاقے کے شہری بھی فائدہ اُٹھائیں گے۔

☆ پیس ولیج (وان) کی کونسلر Marilyn lafrate صاحبہ نے حضورانور کی خدمت میں عرض کیا کہ آپ کی کمیونٹی کی عورتیں کمال کی عورتیں ہیں۔ بہت پڑھی لکھی، shining اور منظم ہیں۔

موصوفہ نے کہا:۔ مجھے جلسہ سالانہ میں شامل ہوکر بہت خوشی ہوئی۔ جلسہ سالانہ کے دونوں دن میرے لئے بہت معلوماتی تھے۔ میں نے جلسہ سے بہت کچھ سیکھا ہے۔ مہمانوں کی تقاریر بہت اچھی تھیں۔ اور خاص طور پر امام جماعت احمدیہ کی تقاریر سُن کر ایک سکون ملتا ہے کہ سارے مسلمان ایسے نہیں ہیں جیسا کہ ہم ہر روز اخبارات میں دیکھتے ہیں۔ ان میں سے بہت سے ایسے بھی ہیں جو امن، محبت اور سلامتی کی تعلیم دیتے ہیں اور اس پر عمل کرتے ہیں۔ میں خلیفۃ المسیح کی بہت قدردان ہوں کہ انہوں نے ہمارے سامنے اسلام کی امن کی تعلیم کو واضح کیا۔

☆ ممبر آف پارلیمنٹ Ganett Genuis (گارنٹ جینوئس) نے اپنے خیالات کا اظہار کرتے ہوئے کہا:

احمدیہ مسلم جماعت انسانیت کے حقوق کے لئے بہت کام کر رہی ہے۔ مَیں ان ممالک کو جیسے پاکستان اور الجزائر جہاں احمدیوں پر ظلم ڈھائے جا رہے ہیں، کو خاص طور پر توجہ دلاتا ہوں۔ مجھے جلسہ سالانہ سے بہت کچھ سیکھنے کا موقع ملا کہ ہم کس طرح انسانی حقوق بہتر طور پر ادا کر سکتے ہیں۔ یہاں مختلف پروگراموں میں شامل ہوکر اور لوگوں سے مل کر اب میں بحیثیت ممبر آف پارلیمنٹ زیادہ بہتر طور پر ان مسائل کے خلاف کھڑا ہو سکتا ہوں۔

کینیڈا کے وفد کی حضورانور ایدہ اللہ تعالیٰ بنصرہ العزیز کے ساتھ یہ ملاقات آٹھ بج کر 40 منٹ تک جاری رہی۔ بعدازاں وفد کے تمام ممبران نے باری باری حضورانور کے ساتھ تصویر بنوانے کی سعادت پائی۔